© rasailojaraid.com



مولانا ابوالحسن علی ندوی کی دعوت پر ماہرِ غالبیات وابوالکلامیات جناب مالک رام کا

# قبولِ اسلام

ہندوستان کے مشہور ادیب اور ماہرِ غالبیات وابوالکلامیات جناب مالک رام (عبدالمالک) نے مفکرِ اسلام مولانا ابوالحسن علی ندوی کی دعوت پر اپنے انتقال سے پانچ روز قبل اسلام قبول کرلیا تھا۔ ذیل میں ان کا خط نقل کیا جارہا ہے جو انہوں نے ۱۳/اپریل ۱۹۹۳ء کو مولانا کے نام تحریر کیا اور ۱۸/اپریل ۱۹۹۳ء کو ان کا انتقال ہوگیا۔ یہ خط ہندوستان سے شائع ہونے والی کتاب "ارمغانِ دعوت" میں شائع ہوا ہے (مدیر)

13,4,1993

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مشفق من سلام مسنون


چند یوم قبل آپ کی ہمدردی اور درد سے بھرا ہوا مکتوب موصول ہوا' فوراً جواب اس کا حق تھا مگر غور و فکر کرتا رہا۔ آج کل میں ہسپتال پہنچا۔ اپنے کرم فرما حافظ اقبال امنی جو ایک بھولے بھالے اور مخلص مسلمان ہیں کو بلوا کر انہیں سے یہ خط ہسپتال میں تحریر کرا رہا ہوں' چاہئے تو یہ تھا کہ خود حاضر ہو کر آپ کی محبت اور احسان کا حق تو کیا بس زبانی شکریہ ادا کرتا۔ مگر اس حال میں نہیں اتنے مسلمان دوستوں سے زندگی میں واسطہ پڑا مگر آپ سا دوست اور آپ سا مخلص' لعلک باخع نفسک الا یکونوا مومنین کا مفہوم سمجھ میں آگیا میں حافظ اقبال اور آپ کو گواہ بنا کر اقرار کرتا ہوں "اشھد ان لا الٰہ الا اللہ و اشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ' امنت باللہ کما ھو باسمائہ و صفاتہ و قبلت جمیع احکامہ' امنت باللہ و ملئکتہ و کتبہ و رسلہ والیوم الاخر والقدر خیرہ و شرہ من اللہ تعالیٰ والبعث بعد الموت' رضیت باللہ ربا و بالاسلام دینا و بمحمد رسولا صلی اللہ علیہ وسلم' و بالقرآن کتابا' الحمد للہ الذی ھدانا لھذا وما کنا لنھتدی لولا ان ھدانا اللہ

کل قیامت کے دن آپ سے وصول کرلوں گا کاش اللہ تعالیٰ صحت یاب فرمائے تو کچھ کفر و شرک کی زندگی کی تلافی اور اپنے سب سے بڑے محسن کی زیارت خود خدمت میں حاضر ہو کر کر سکتا۔

آپ کے احسان کا اجر بس مولائے کل ہی دے سکتا ہے جس نے ساری عمر کے گم کردہ راہ کو ہدایت اور توفیق بھی عطا فرمائی۔ کاش آپ سے پہلے ملاقات ہوگئی ہوتی اس کی دعا بھی آپ ہی کریں۔ اللھم من احییتہ منا فاحیہ علی الاسلام ومن توفیتہ منا فتوفہ علی الایمان

اللہ آپ کو سلامت رکھے اور آپ کی عمر دراز کرے

والسلام مع الاکرام خاکسار عبدالمالک مالک رام




© rasailojaraid.com